مترجم اردو
جامع ترمذی
از تالیف
یگانۂ زماں علامۂ دوراں مولانا بدیع الزماں
ناشر: ضیاء احسن پبلشرز
ملنے کا پتہ
نعمانی کتب خانہ
حق سٹریٹ / اردو بازار / لاہور / پاکستان

وما اتکم الرسول فخذوہ وما نھکم عنہ فانتھوا

رسول خدا جو کچھ تم کو دیں اس کو لے لو اور جس سے منع فرمائیں اس سے باز آجاؤ

جامع ترمذی

از تالیف

یگانہ زمان علامہ دوراں مولانا بدیع الزماںؒ

برادر علامہ وحید الزماںؒ

ناشر ضیاء احسان پبلشرز

ملنے کا پتہ

نعمانی کتب خانہ

حق سٹریٹ

اردو بازار

لاہور پاکستان

نام کتاب ـــــــــ جامع ترمذی

مؤلف ـــــــــ امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ

مترجم ـــــــــ علامہ بدیع الزمان رحمہ اللہ تعالیٰ

جلد ـــــــــ اوّل

صفحات ـــــــــ ۸۶۸ / ۱۰۸ ½ کاپیاں

تعداد ـــــــــ ۴۰۰

بار ـــــــــ اوّل

تاریخ اشاعت ـــــــــ اپریل ۱۹۸۸ء

ناشر ـــــــــ ضیاء احسان پبلشرز

تصحیح و تہذیب ـــــــــ عبدالصمد ریالوی

قیمت مکمل ـــــــــ

مطبع ـــــــــ

کتابت الفرید

كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ۔

سب کے سب قریش میں سے ہیں۔

ف۔ یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور مروی ہوئی ہے یہ حدیث کئی سندوں سے جابر بن سمرہ سے روایت کی ہم سے ابوکریب نے انہوں نے عمرو بن عبید سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے ابی بکر بن ابی موسیٰ سے انہوں نے جابرؓ بن سمرہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اس حدیث کے یہ حدیث غریب ہے غریب سمجھی جاتی ہے جابرؓ کی روایت سے بواسطہ ابی بکر بن ابی موسیٰ کے اور اس باب میں ابن مسعود اور عبداللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے۔

عَنْ زِيَادِ بْنِ كُسَيْبٍ الْعَدَوِيِّ قَالَ كُنْتُ مَعَ أَبِي بَكْرَةَ تَحْتَ مِنْبَرِ ابْنِ عَامِرٍ وَهُوَ يَخْطُبُ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ رِقَاقٌ فَقَالَ أَبُو بِلَالٍ انْظُرُوا إِلَى أَمِيرِنَا يَلْبَسُ ثِيَابَ الْفُسَّاقِ فَقَالَ أَبُو بَكْرَةَ اسْكُتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ أَهَانَ سُلْطَانَ اللهِ فِي الْأَرْضِ أَهَانَهُ اللهُ۔

روایت ہے زیاد بن کسیب عدوی سے کہا کہ تھا میں ساتھ ابی بکرہ کے ابن عامر کے منبر کے نیچے اور وہ خطبہ پڑھتا تھا اور اس کے بدن پر باریک کپڑے تھے۔ سو کہا ابوبلالؓ نے دیکھو ہمارے امیر کو پہنتا ہے کپڑے فاسقوں کے سو کہا ابوبکرہ نے چپ رہ کہ سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ اہانت کرے اللہ کے بنائے ہوئے بادشاہ کی زمین میں ذلیل کرے گا اس کو اللہ تعالیٰ۔

ف۔ یہ حدیث حسن ہے غریب ہے۔

بَابُ مَا جَاءَ فِي الْخِلَافَةِ

باب خلافت کے بیان میں۔

عَنْ سَفِينَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخِلَافَةُ فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ سَنَةً ثُمَّ مُلْكٌ بَعْدَ ذَلِكَ ثُمَّ قَالَ لِي سَفِينَةُ أَمْسِكْ خِلَافَةَ أَبِي بَكْرٍ ثُمَّ قَالَ وَخِلَافَةَ عُمَرَ وَخِلَافَةَ عُثْمَانَ ثُمَّ قَالَ أَمْسِكْ خِلَافَةَ عَلِيٍّ فَوَجَدْنَاهَا ثَلَاثِينَ سَنَةً قَالَ سَعِيدٌ فَقُلْتُ لَهُ إِنَّ بَنِي أُمَيَّةَ يَزْعُمُونَ أَنَّ الْخِلَافَةَ فِيهِمْ قَالَ كَذَبُوا بَنُو الزَّرْقَاءِ بَلْ هُمْ مُلُوكٌ مِنْ شَرِّ الْمُلُوكِ۔

روایت ہے سفینہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خلافت راشدہ میری امت میں تیس برس تک ہے پھر ہو جاوے گی سلطنت بعد اس کے پھر کہا مجھ سے سفینہ نے گن لے تو خلافت ابی بکرؓ کو پھر خلافت عمرؓ اور عثمانؓ کو پھر گن لے خلافت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی سو گنا ہم نے اور پایا اسے تیس سال کہا سعید نے پھر کہا میں نے سفینہ سے کہ بنی امیہ دعوےٰ کرتے ہیں کہ خلافت ان میں ہے کہا سفینہ نے جھوٹے ہیں بنی الزرقاء بلکہ وہ بادشاہ ہیں بدترین بادشاہوں میں سے۔

ف۔ اس باب میں عمر اور علی سے بھی روایت ہے اور کہا ان دونوں نے کہ ولی عہد مقرر نہیں کیا کسی کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خلافت کے واسطے یہ حدیث حسن ہے روایت کی اس کو کئی لوگوں نے سعید بن جمہان سے اور نہیں جانتے ہم اس کو مگر انہیں کی روایت سے۔